© rasailojaraid.com



**کاروانِ آخرت** | گرامی نامہ مورخہ ۲۱ر جنوری ۸۹ء اور "کاروانِ آخرت" کے دو نسخے موصول ہوئے ہیں نہایت ممنون ہوں کہ آپ نے اس وقیع تالیف کے دو نسخے انجمن ترقی اردو اور "قومی زبان" کے لئے عطا فرمائے۔ میری ناچیز رائے میں یہ کتاب نہ صرف انسان شناسی کا اعلیٰ مظہر ہے بلکہ قومی تاریخ کا بھی ایک حصہ ہے۔

مجھے یقین ہے کہ آپ انجمن ترقی اردو اور "قومی زبان" کی سرپرستی فرماتے رہیں گے۔

احترامات فائقہ کے ساتھ — ڈاکٹر اسلم فرخی مشیر علمی و ادبی انجمن ترقی اردو پاکستان

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوگا۔

★ آپ کا گرامی نامہ اور رسالہ تحفہ مؤتمر کی تازہ پبلی کیشن مل گئی۔ آپ کی عنایت اور توجہ کے لئے سراپا سپاس ہوں انشاء اللہ یہ بڑا کام ہوگیا۔ نہایت مفید معلومات اور اہم یادداشتیں مرتب ہوگئیں اور ان سے استفادے کی سہولت پیدا ہوگئی۔ مجھے تو آپ کی تحریر اور اسلوب بیان پر رشک آتا ہے۔ آپ بہت اچھا لکھتے ہیں۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

ادھر ایک چھوٹا سا کام حضرت شیخ الہند پر انجام پاگیا ہے۔ ایک نسخہ آپ کی نذر بھیجا ہے۔

خدا کرے مزاج بخیر ہوں۔ والسلام علیکم و رحمۃ اللہ خاکسار ابو سلمان شاہجہانپوری۔ کراچی

**یونیسکو کا اردو ایڈیشن پیامی** | یونیسکو "کوریئر" یونیسکو کا ایک نہایت مقبول اور کثیر الاشاعت جریدہ ماہنامہ ہے۔ اور اب یہ دنیا کی ۳۵ زبانوں میں پوری یکسانیت کے ساتھ شائع ہوتا ہے یونیسکو سے ہمارے گہرے روابط مراسم ہیں۔ اس لئے یونیسکو کوریئر کا اردو ایڈیشن "پیامی" کی ذمہ داری میں نے قبول کر لی۔ اس میں وزارت تعلیم پاکستان نے مصارف برداری کے جذبۂ عالیہ سے سرشاری کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ ادارت، تراجم، طباعت و اشاعت کی نہایت اہم ذمہ داری تمام ہمدرد کی ہے۔

پاکستان تمام اہل علم و دانش اور تمام صاحبان علم و حکمت کی رائے یہ ہے کہ "پیامی" کے ذریعہ سے زبان اردو کی ثروت میں ناقابل فراموش اضافہ ہوا ہے اردو زبان میں جو علوم و فنون، تعلیم سائنس اور ثقافت نہ تھے۔ "پیامی" کی وجہ سے وہ اردو میں آگئے ہیں ان حقائق نے مجھے گذشتہ بارہ سال سے اس خدمت علم و فن اور ثروت زبان اردو کے لئے مصروف رکھا ہے میں یہ خدمت پورے خلوص سے سرانجام دے رہا ہوں۔ میرا دل چاہا کہ اس مسرت میں آپ کو بھی شریک کیجئے۔ لیں۔ "پیامی" کا نومبر ۱۹۸۸ء کا شمارہ ہدیۃً بھجوا رہا ہوں اگر آپ نے اس سے اظہار دلچسپی کیا تو کوشش کروں گا کہ ہر ماہ یہ آپ کو بھجواتا رہا داد نہیں چاہتا خواہش رکھتا ہوں کہ پاکستان میں کوئی تو اسے پڑھے۔ ایک بات یہ بتانی ہے کہ علمی و ادبی عظمت کے باوصف "پیامی" باعتبار طباعت بھی پاکستان کا ایک منفرد جریدہ ہے ایک بار پیرس میں پیرس ایڈیشن سے مقابلہ ہوا تو پاکستان کو اول درجہ ملا۔

حکیم محمد سعید چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن کراچی



© rasailojaraid.com